پریس ریلیز

وزیر فوڈ اینڈ کنزیومر پروٹیکشن سلمیٰ بٹ کا حلف اٹھانے کے بعد گوجرانوالہ چیمبر کا پہلا باضابطہ دورہ

گوجرانوالہ کی بیٹی کا وزیر بننا پورے شہر کیلئے باعثِ فخر ہے، یونیورسٹی کا زیر التوا منصوبہ جلد مکمل کیا جائے: شیخ غلام حسین جج

گوجرانوالہ: پنجاب کی صوبائی وزیر فوڈ اینڈ کنزیومر پروٹیکشن سلمیٰ بٹ نے عہدے کا حلف اٹھانے کے بعد گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کا پہلا باضابطہ دورہ کیا۔ چیمبر آمد پر صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سابق چیئرمین جی ڈی اے شیخ عامر رحمان، شیخ عمیر علی، ظفر ڈار، سینئر رہنماؤں اور ایگزیکٹو ممبران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔

صوبائی وزیر سلمیٰ بٹ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر پاکستان کے نمایاں اور انتہائی متحرک چیمبرز میں سے ہے، جہاں بڑے پیمانے پر پیداوار ہو رہی ہے اور یہ شہر ملکی معیشت کا بہت بڑا حصہ ہے، جبکہ یہاں کی کاٹیج انڈسٹری اور صنعتی پیداوار قومی معیشت کا مضبوط ستون ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "ایز آف ڈوئنگ بزنس" کے وژن کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ اس کے تحت کاروبار کے لیے 26 محکموں کی دستاویزات اور این او سیز (NOCs) کو گھٹا کر اب صرف 6 محکموں تک لایا گیا ہے، اور حکومت کاروباری برادری کو بھرپور سہولت دینے کے لیے کوشاں ہے۔ آخر میں انہوں نے چیمبر قیادت کو یقین دہانی کرائی کہ گوجرانوالہ کے صنعتکاروں کے تمام مسائل اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو چیمبر کے دورے کی باضابطہ دعوت وہ خود ان تک پہنچائیں گی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے سلمیٰ بٹ کو صوبائی وزارت کا قلمدان سنبھالنے پر دل کی عمیق گہرائیوں سے مبارکباد دی اور کہا کہ یہ پورے گوجرانوالہ کے لیے فخر کا مقام ہے کہ شہر کی بیٹی کو یہ اعلیٰ منصب ملا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گوجرانوالہ کو اس وقت صوبائی حکومت میں ایک مضبوط آواز کی ضرورت ہے، اسی لیے اس شہر کو سلمیٰ بٹ سے بڑی امیدیں وابستہ ہیں کہ وہ حکومت اور تاجر برادری کے درمیان ایک مؤثر پل کا کردار ادا کریں گی۔ اس موقع پر انہوں نے پرزور مطالبہ کیا کہ گوجرانوالہ میں قائم ہونے والی یونیورسٹی کے زیرِ التوا منصوبے کو ترجیحی بنیادوں پر جلد مکمل کیا جائے۔

سابق چیئرمین جی ڈی اے شیخ عامر رحمان نے مہمان کا خیرمقدم کرتے ہوئے شہر کو درپیش سب سے اہم مسئلے کی نشاندہی کی اور کہا کہ بی آر ٹی (BRT) منصوبہ آنے والے وقت کے لیے جدید ضرور ہے، مگر اس کی منصوبہ بندی درست انداز میں نہیں کی گئی اور جو کام آخر میں ہونے چاہیے تھے ان سے آغاز کر دیا گیا، جس کی وجہ سے شہر کے تجارتی مراکز اور لوگوں کا کاروبار شدید متاثر ہوا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ یہ منصوبہ ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ کاروباری برادری کو مزید نقصان سے بچایا جا سکے۔ گوجرانوالہ کو کاٹیج انڈسٹری کا گھر قرار دیتے ہوئے انہوں نے یہ بھی تجویز دی کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے صنعتی ترقیاتی پیکیج اور مختلف حکومتی فورمز میں شہر کے تاجروں کو مناسب نمائندگی اور خصوصی ریلیف دیا جائے۔

PRESS RELEASE

Provincial Minister for Food and Consumer Protection Salma Butt Pays First Official Visit to Gujranwala Chamber After Taking Oath

Elevation of Gujranwala's Daughter as Provincial Minister is a Matter of Great Pride for the Entire City; Pending University Project Should Be Completed Promptly: President Sheikh Ghulam Hussain Judge

GUJRANWALA: Punjab's Provincial Minister for Food and Consumer Protection, Salma Butt, paid her first official visit to the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) after assuming office. Upon her arrival at the Chamber, she was accorded a warm and enthusiastic reception by GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, former Chairman GDA Sheikh Amir Rehman, Sheikh Umair Ali, Zafar Dar, senior leaders, and executive members.

Addressing the gathering, Provincial Minister Salma Butt stated that the Gujranwala Chamber is among the most prominent and vibrant chambers in Pakistan, driving substantial manufacturing output and serving as a vital engine of the national economy, with its cottage industry and industrial production acting as pillars of national prosperity. Highlighting Chief Minister Punjab Maryam Nawaz Sharif's vision for "Ease of Doing Business," she shared that departmental requirements and NOCs for businesses have been drastically streamlined, reducing the previously required paperwork across 26 departments down to just 6 departments, reflecting the government's commitment to facilitating the commercial sector. Concluding her address, she assured the Chamber leadership that she will personally convey the industrialists' grievances as well as a formal invitation to Chief Minister Maryam Nawaz Sharif to visit the Gujranwala Chamber.

In his welcome address, GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge congratulated Salma Butt on assuming the provincial ministerial portfolio, remarking that it is a moment of immense pride for the entire city that Gujranwala's daughter has attained such a prestigious office. He noted that Gujranwala currently requires a strong and resonant voice in the provincial government, which is why the city has high expectations from Salma Butt to act as an effective bridge between the government and the trading community. On this occasion, he strongly demanded that the pending establishment of the university in Gujranwala be expedited and completed on a priority basis.

Welcoming the honorable guest, former Chairman GDA Sheikh Amir Rehman pointed out the city's most pressing civic challenge, stating that while the BRT project is modern and futuristic, flawed planning led to commencing construction from components that should have been executed last, severely disrupting commercial markets and local businesses. He urged that the project be expedited on a priority basis to prevent further commercial losses. Highlighting Gujranwala as the hub of cottage industries, he also recommended that local traders be granted adequate representation and special relief packages under the Chief Minister's industrial development initiatives.